PAPER CODE - 5431

نہم کلاس 12022

ایجوکیشن　　DGK-22　　حصہ معروضی　　وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

ہدایات: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ کاشت کار کا بیٹا کاشتکاری سیکھنے کے لیے کسی سکول میں داخل نہیں ہوتا بلکہ کاشتکاری کن سے سیکھ جاتا ہے ؟

(A) اُستاد سے (B) ڈاکٹر سے (C) والدین سے (D) دوست سے

2۔ امام غزالی تھے۔

(A) ماہر نفسیات (B) لیڈر (C) ماہر تعلیم (D) شاعر

3۔ اگر علم کی دولت دین کے تابع ہو تو نوع انسانی کے لیے سراپا رحمت ہے۔ یہ فرمان کس کا ہے ؟

(A) علامہ اقبال (B) ابن خلدون (C) جان ڈیوی (D) امام غزالی

4۔ غیر رسمی تعلیم کا سب سے بڑا مرکز ہے۔

(A) سکول (B) گھر (C) مسجد (D) معاشرہ

5۔ وحی کا سلسلہ کس شکل میں ہمارے پاس محفوظ ہے۔

(A) قرآن مجید (B) حدیث (C) سنت (D) اجماع

6۔ سابقہ سوویت یونین میں مقاصد تعلیم اور نصاب تعلیم مرتب کرتے وقت اس بات پر زور دیا جاتا تھا کہ تعلیم سے فارغ ہونے والا فرد ہوگا۔

(A) سرمایہ دار (B) اشتراکی (C) کیمونسٹ (D) مثالیت پسند

7۔ "تعلیم کا حصول اس پر عمل کرنے کی غرض سے ہونا چاہیے" یہ فرمان ہے۔

(A) امام ابوحنیفہ (B) علامہ اقبال (C) امام غزالی (D) سقراط

8۔ انسان کتنے طریقوں سے تعلیم حاصل کرتا ہے ؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

9۔ "بے شک مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا" یہ ارشاد ہے۔

(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت عمر فاروقؓ (C) حضرت علیؓ (D) خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ

10۔ خاتم النبیین رسول اکرم ﷺ نے کس علم میں اضافہ کی دُعا فرمائی ؟

(A) دنیاوی علم (B) دینی علم (C) نافع علم (D) غیر نافع علم

11۔ کس دور میں بچے میں ہمدردی، محبت، تعاون اور ایثار کا مادہ پیدا ہوتا ہے ؟

(A) بچپن (B) طفولیت (C) بلوغیت (D) شیر خوارگی

12۔ سکول معاشرے کی مدد کرتا ہے۔

(A) روزگار کے حصول کے لیے (B) ثقافت کی منتقلی کے لیے (C) اختلافات ختم کرنے کے لیے (D) معاشرتی زندگی کی تیاری کے لیے

13۔ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسناد دیتا ہے۔

(A) پرائمری اور مڈل کی (B) مڈل اور میٹرک کی (C) میٹرک اور ایف اے کی (D) بی اے کی

14۔ کمیونٹی معاشرے کی اکائی ہوتی ہے۔ جہاں

(A) لوگ مل جل کر رہتے ہیں (B) بہتر تعلیم دی جاتی ہے (C) مالی حالت بہتر بنانے کی تربیت دی جاتی ہے۔ (D) لوگ خاندانوں کی طرح رہتے ہیں

15۔ تعلیم پر اثر انداز ہونے والے عوامل ہیں۔

(A) 3 (B) 4 (C) 5 (D) 6

www.taleem360.com

12022 نہم کلاس

ایجوکیشن

وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

کل نمبر = 60

حصہ انشائیہ

حصہ اول DGK-22

سوال نمبر 2 درج ذیل میں سے کوئی چھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے		2x6=12	
i	رسمی تعلیم کی دو مثالیں دے کر بتایئے۔	ii	اسلامی تعلیم کے دو مقاصد لکھیے۔
iii	امام غزالی نے علم کے بارے میں کیا فرمایا ؟	iv	کوئی سے دو مسلمان مفکرین تعلیم کے نام لکھیے۔
v	علم التعلیم کا کن موضوعات سے تعلق ہے ؟	vi	نیم رسمی طریقہ تعلیم سے کیا مراد ہے ؟
vii	کسی قسم کے ثقافتی ورثہ سے کیا مراد ہے ؟	viii	تعلیم کا ملک کی تہذیب و ثقافت سے کیا تعلق ہے ؟
ix	فرد کی دو ضروریات کی وضاحت کیجیے۔		
سوال نمبر 3 درج ذیل میں سے کوئی چھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے		2x6=12	
i	تہذیب و ثقافت کی تشکیل نو کی ضرورت کیوں پیش آئی ؟	ii	ثقافتی ورثہ کی بے جا تقلید کے دو نقصانات لکھیے۔
iii	انسانی زندگی کے ابتدائی دور میں انسان اپنی نئی نسل کی تربیت کیسے کرتا تھا ؟	iv	طفولیت سے کیا مراد ہے ؟
v	شیر خوارگی میں جسمانی نشوونما کیسے ہوتی ہے ؟	vi	بچپن کا دورانیہ لکھیے۔
vii	جذباتی نشوونما سے کیا مراد ہے ؟	viii	دو طرح کے معاشرتی اختلافات کی وضاحت کیجیے ؟
ix	گھر بچے کی تربیت کس طرح کرتا ہے ؟		
سوال نمبر 4 درج ذیل میں سے کوئی چھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے		2x6=12	
i	کیا تعلم کی رفتار کسی فرد کی زندگی میں یکساں رہتی ہے ؟	ii	نفرت کے جذبات بچے کے تعلم پر کیا اثر ڈالتے ہیں ؟
iii	نیشنل بک فاؤنڈیشن کیا کام کرتی ہے ؟	iv	گھر اور سکول بچے میں کن اقدار کی تعمیر کرتے ہیں ؟
v	معاشرہ اور کمیونٹی میں کیا فرق ہے ؟	vi	سکول ایک چھوٹا معاشرتی ادارہ ہے۔ وضاحت کیجیے۔
vii	خاندان کے مالی حالات کو بہتر بنانے کے لیے دو گھریلو صنعتیں لکھیے۔	viii	ہائر ایجوکیشن کا اہم کام لکھیے۔
ix	پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کیا کام کرتی ہے ؟		

حصہ دوم

نوٹ اس حصہ سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 8 x 3 = 24

سوال نمبر 5۔	اسلامی نقطہ نظر سے علم کی اہمیت اور مقاصد بیان کیجیے۔
سوال نمبر 6۔	فرد کی ضروریات کی تکمیل سے آئندہ کے معاشرے پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں ؟
سوال نمبر 7۔	طفولیت کے دوران نشوونما کے مختلف پہلو کون سے ہیں ؟
سوال نمبر 8۔	انفرادی اختلافات " تعلم " پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں ؟ مثالیں دے کر ثابت کیجیے۔
سوال نمبر 9۔	تعلیم کے ساتھ ساتھ معاشرہ کی اصلاح اور تشکیل کے لیے سکول کا کردار بیان کیجیے۔

www.taleem360.com